Department of Health and Mental Hygiene | Department of Education

ستمبر 2018

محترم والدین/سرپرست،

ہر سال اسکول ہیلتھ ویژن پروگرام (School Health Vision Program) پری کنڈر گارٹن، کنڈر گارٹن اور پہلے گریڈ کے بچوں کے لیے آپ کے اسکول میں بینائی کی جانچ پڑتال کا اہتمام کرتا ہے۔ ہم چیک کرکے یقینی بناتے ہیں کہ آپ کا بچہ ہر آنکھ سے اچھی طرح دیکھ سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ بینائی کی جانچ پڑتال میں ناکام ہو جاتا ہے تو:

- ہم آپ کو E12S آنکھ کی رپورٹ اور سفارش (E12S Eye Report and Recommendation) فارم بھیجیں گے۔*
- براہ کرم اپنے بچے کو اور فارم کو لے کر آنکھ کے کسی ڈاکٹر کے پاس جائیں۔
- اگر ڈاکٹر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کے بچے کو علاج کی ضرورت ہے تو ان سے فارم پُر کروائیں۔
- مکمل کردہ فارم ہمارے پاس فراہم کردہ لفافے میں واپس بھیجیں تاکہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ آپ کے بچے کا آنکھ کا معائنہ ہوا ہے۔

آپ کے بچے کے لیے ہر سال آنکھ کے ڈاکٹر کو دکھانا ضروری ہے۔ اگر آپ کے بچے کو بینائی کا سنگین عارضہ لاحق ہے تو علاج سے تاحیات بینائی کے مسائل رک سکتے ہیں۔ **قریب 30 میں سے 1 بچے کو امبلایوپیا (کاہل آنکھ) نامی کیفیت لاحق ہوتی ہے۔ اگر 8 یا 9 سال کی عمر تک امبلایوپیا کا علاج نہیں ہوتا ہے تو اس کی وجہ سے بینائی سنگین حد تک زائل ہو سکتی ہے یا ایک آنکھ میں اندھاپن بھی ہو سکتا ہے۔**

اگر آپ کا بچہ بینائی کی جانچ پڑتال میں ناکام ہو جاتا ہے تو براہ کرم اوپر کی ہدایات پر عمل کریں۔ بینائی کے مسائل کا علاج کروا لینے والے بچوں کے لیے اسکول میں ان بچوں کی بہ نسبت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کا بہتر زیادہ امکان ہوتا ہے جو علاج نہیں کرواتے ہیں۔

اپنے بچے کی بصارت کا تحفظ کریں اور ایک روشن مستقبل کے لیے انہیں ایک بہتر موقع دیں!

مخلص،

Roger Platt

Roger Platt, MD
معاون کمشنر اور ڈائریکٹر
دفتر برائے اسکول صحت (Office of School Health)

* آن لائن اس فارم تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، schools.nyc.gov ملاحظہ کریں اور "eye report form" (آنکھ کی رپورٹ کا فارم) تلاش کریں۔